# امام عادل کے فرائض

<"xml encoding="UTF-8?>

امام عادل کے فرائض

(۱)امام علیa:خداوند عالم نے مجھے اپنی مخلوق کا امام بنایا اور مجھ پر فرض قرار دیا کہ میری خوراک اور پوشاک کمزورلوگوں جیسی ھو،تاکہ غریب لوگ میرے فقر کی اقتدا کرسکیں اور امیر لوگوں کو ان کی تونگری شرکش نہ بنادے۔

(۲)امام علیa:امام پر صرف ان امور کی انجام دھی فرض ھے جو اسے اپنے رب کی طرف سے سونپے گئے ھیں اور وہ یہ ھیں لوگوں کو پوری طرح نصیحت کرنا،ان کی خیرخواھی کی مکمل کوشش کرنا،سنت کو زندہ کرنا،حدود کو ان کے مستحقین پرجاری کرنا اور مستحقین کو بیت المال سے انکا حصہ عطاکرنا۔